سبق: 6

زبان کا رَس

رامو سے اُس کی بیوی، ماں اور باپ سب ہی تنگ تھے، وہ کوئی کام نہیں کرتا تھا اور نکما بیٹھا رہتا تھا۔ دوستوں کے ساتھ گپیں ہانکتا اور دن کاٹتا۔ بیوی روز طعنے دیتی "نکھٹو کام کے نہ کاج کے دشمن اناج کے"

بیوی کے طعنوں سے تنگ آکر وہ روزگار کی تلاش میں گاؤں سے چل پڑا۔ دھوتی کے سرے میں کچھ چاوَل باندھ لیے۔

چلتے چلتے دوپہر ہوگئی۔ ایک پیڑ کے نیچے اُس نے آرام کیا اور پھر چل پڑا۔ شام کے وقت رامو ایک گاؤں کے قریب پہنچا۔ رات گذارنے کے لئے کوئی جگہ تلاش کرنے لگا تبھی سامنے ایک بُڑھیا کا گھر دِکھائی پڑا۔

رامو بولا

"مائی: جے رام جی کی"

"مائی! کیا رات میں رہنے کی جگہ مل جائے گی"

"بیٹا کہاں سے آرہے ہو؟"

"فیروز پور سے"

''یہاں دروازے کے پاس سو رہنا''

ٹھیک ہے بیٹا

رامو نے دھوتی کے کونے سے چاول نکال کر بڑھیا کو دیے اور پکا دینے کو کہا۔

بڑھیا نے چاول اُبالنے کے لئے انگیٹھی جلائی۔ رامو بے کار بیٹھا ہوا اِدھر اُدھر جھانکنے لگا۔ ڈیوڑھی میں بھینس بندھی ہوئی تھی۔

''مائی، یہ بھینس اپنی ہے۔''

''ہاں!''

''کتنا دودھ دیتی ہے؟''

''دس سیر''

''مائی اس ڈیوڑھی کا دروازہ تو بہت چھوٹا ہے''

''ہاں بیٹا''

''اگر تمہاری بھینس مرجائے تو اس دروازہ سے کیسے نکالی جاسکے گی؟''

بُڑھیا غصّے سے لال پیلی ہو کر بولی

''لے اپنے چاول سنبھال اور یہاں سے چلتا بن میری بھینس کیوں مرے تو ہی کیوں نہ مرجائے۔''

بڑھیا نے اُبلتے ہوئے چاولوں کی پتیلی رامو کی دھوتی میں اُلٹ دی۔ رامو دھوتی میں چاول ڈالے گاؤں میں گھوم رہا تھا اور ٹھور ٹھکانا تلاش کر رہا تھا۔ چاولوں میں سے پانی ٹپک رہا تھا۔

راستے میں کسی نے پوچھا ''ارے یہ کیا ٹپک رہا ہے''

رامو نے فوراً جواب دیا ''زبان کا رس''

تو بچّو! زبان پر قابو رکھنا چاہئے اور سوچ سمجھ کر بات کرنی چاہیے۔

(سرجیت)

پڑھیے اور سمجھیے

الفاظ		معنیٰ
طعنہ	:	آواز کسنا، طعنہ کرنا
نِکھٹو	:	نکما، کسی کام کا نہیں
مائی	:	ماں
انگیٹھی	:	چولہا، آگ جلانا

پڑھیے اور بتایئے

1. رامو سے اس کی بیوی، ماں اور باپ کیوں تنگ تھے؟
2. شام کے وقت رامو کہاں پہنچا؟
3. رامو اور بڑھیا میں کیا کیا باتیں ہوئیں؟
4. رامو کی کون سی بات پر بڑھیا لال پیلی ہوگئی؟

یہ کس نے کہا؟

1. مائی! یہ بھینس اپنی ہے؟
2. دس سیر
3. اگر تمہاری بھینس مر جائے تو اس دروازہ سے کیسے نکالی جا سکے گی؟
4. بھینس کے علاوہ اور دودھ دینے والے جانوروں کے نام بتایئے

1.......... 2.......... 3.......... 4.......... 5..........

معنی تلاش کیجیے

گپیں ہانکنا :..........

دن کاٹنا :..........

لال پیلا ہونا :..........